فقیر شرعی کو چیک کرنے کا طریقہ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللّٰہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں کسی غریب کو زکوۃ دینا چاہتا ہوں مگر مجھے پتانہیں کہ وہ مستحقِ زکوۃ ہے یا نہیں کیا میں ایسے غریب کو زکوۃ دے سکتا ہوں اور فقیر کو کیسے پہنچانا جاسکتا ہے۔

سائل: عبداللّٰہ (انگلینڈ)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

آپ کو یہ جاننا ضروری ہے کہ جسے آپ زکوۃ دے رہے ہیں وہ مستحق زکوۃ ہے یا نہیں اوراور فقیر شرعی مستحق زکوۃ ہے اوراس کو پہچاننے کا طریقہ یہ ہے۔ جسے زکوۃ دینے لگیں اس میں درج ذیل چیزیں چیک کرلی جائیں۔

(1) اس کے پاس ساڑھے سات تولے سونا یا اس کی قیمت تو نہیں۔

(2) اس کے پاس ساڑھے باون تولے (612.15 گرام) چاندی یا اس کی قیمت تو نہیں ۔آج کے حساب سے ساڑھے باون تولے چاندی کی قیمت تقریباً 243 پاؤنڈز بنتی ہے ۔لہذا اگر کسی کے پاس ایک تولہ سونا بھی حاجت اصلیہ سے زائد ہوا تو وہ بھی فقیرشرعی نہ ہوگا کیونکہ ایک تولہ سونا کی قیمت آج کے حساب سے 300 پاؤنڈز سے زیادہ ہے ۔

جیساکہ بہارشریعت میں ردالمحتار کے حوالے سے ہے: اورنصاب سے مرادیہاں یہ ہے کہ اُس کی قیمت دو سو ۲۰۰ درم ہو، اگرچہ وہ خود اتنی نہ ہو کہ اُس پر زکاۃ واجب ہو مثلاً چھ تولے سونا جب دو سو ۲۰۰ درم قیمت کا ہو تو جس کے پاس ہے اگرچہ اُس پر زکاۃ واجب نہیں کہ سونے کی نصاب ساڑھے سات تولے ہے مگر اس شخص کو زکاۃ نہیں دے سکتے یا اس کے پاس تیس بکریاں یا بیس گائیں ہوں جن کی قیمت دو سو ۲۰۰ درم ہے اسے زکاۃ نہیں دے سکتا، اگرچہ اس پر زکاۃ واجب نہیں یا اُس کے پاس ضرورت کے سوا اسباب ہیں جو تجارت کے لیے بھی نہیں اور وہ دو سو ۲۰۰ درم کے ہیں تو اسے زکاۃ نہیں دے سکتے۔

(بہارشریعت ج1 ص 929 مکتبۃ المدینہ)

(3)اس کے پاس ساڑھے باون تولے چاندی کی قیمت کے برابر کسی قسم کا مالِ نامی یعنی مالِ تجارت(دکان میں بیچنے کے لیے رکھا ہوا مال) یا پرائزبانڈز وغیرہ تو نہیں۔

(4) اس کے پاس ساڑھے باون تولے چاندی کی قیمت کے برابر حاجاتِ اصلیہ سے زائد اشیاء تو نہیں مثلاً گھر میں رکھاہوا اکسٹرا (Extra)اور یوزلیس(Useless) فرنیچر اور اکسٹرا کاریں (Extra cars) جیسے یوکے میں لوگوں کے پاس ہوتی ہیں ۔

(5) اگر اس کے پاس تھوڑا سونا اور تھوڑی چاندی اور تھوڑی رقم جو مل ملاکر ساڑھے باون تولے چاندی کی قیمت کے برابر ہے تو ایساشخص بھی فقیر شرعی نہیں -

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date: 20-6-2018

QASIM

The method of checking if a person is poor as defined by Sharīʼah

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: I wish to give Zakāh to a poor person, but I don't know whether they are eligible for Zakāh or not. Can I give my Zakāh to such type of poor person, and how can one recognise if a person is poor?

Questioner: Abdullah from England

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

It is essential for you to know whether the person to whom you are giving Zakāh is eligible for it or not, and a poor person - as per Islamic Law - is indeed eligible for Zakāh. The way to come to know of this is to check for the following things regarding the person you wish to give Zakāh to:

1. They should not have 7.5 Tolas [~87.47[1] g] of gold, or its monetary value.

2. They should not have 52.5 Tolas (~612.35[2] g) of silver, or its monetary value. The price of 52.5 Tolas of silver in today's currency is approximately £223 (May 2019), thus if anyone even had 1 Tola [~11.66[3] g] of gold above their basic needs, then such person would not be deemed as poor as per Sharīʼah, because the value for 1 Tola of gold nowadays is more than £300.

QASIM

Just as it is stated in Bahār-e-Sharīʼat, referencing Radd al-Muhtār, that threshold here refers to the value of those items should be equal to two hundred dirhams (i.e. the current standard threshold), even though by itself it may not be so much that Zakāh is wājib on it. For example, if six Tolas of gold is equal to the value of two hundred dirhams, then the one who has this, even though Zakāh is not wājib on him, because the threshold of gold is seven and a half Tolas, but that person cannot be given Zakāh. Alternatively, in the case where a person has thirty goats or twenty cows, which add up to the value of two hundred dirhams, then such person cannot be given Zakāh, even though Zakāh is not wājib on him. Also, if he has more goods than his needs, which are also not for trade purpose, but they are equal to two hundred dirhams (i.e. threshold amount), then he also cannot be given Zakāh.

---

[1] The exact amount is 87.47859375
[2] The exact amount is 612.35015625
[3] The exact amount is 11.6638125

[Bahār-e-Sharī’at, vol 1, part 5, pg 929]

3. They should not have such wealth equivalent to 52.5 Tolas of silver which has the potential to increase i.e. business stock (to sell in a shop), prize bonds, etc.

4. They should not have anything whose monetary value is equal to 52.5 Tolas of silver which is outside of their basic need. For example, extra furniture in the house which isn’t being used, extra cars as do some people in the U.K.

5. It should not be such that they possess a small amount of gold, silver and money, whose total value is equal to the monetary value of 52.5 Tolas of silver; such a person is not poor as defined by Sharī’ah.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri
Translated by Haider Ali

QASIM